# 29-08-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے ریاست میں جاری ایس آئی آر پر اعتراضات اور دعوے داخل کرنے کی تاریخ میں مزید چار ہفتوں کی توسیع کا مطالبہ کیا ہے۔

۲۔مجلس کے ایم ایل سی مرزا رحمت بیگ اور دیگر افراد کے خلاف خواتین اور نابالغوں سے متعلق جنسی جرائم کے سنگین الزامات کے معاملہ میں تلنگانہ بی جے پی نے عدالت کی نگرانی میں تحقیقات کروانے کا مطالبہ کیا۔

۳۔مرکز نے کہا ہے کہ ملک میں شکر کی کوئی قلت نہیں ہے اور مناسب قیمتوں پر شکر کی وافر دستیابی کو یقینی بنانے کے لئے تمام ضروری اقدامات کئے جائیں گے۔

اور

۴۔وزیراعظم نریندر مودی کل آکاش وانی کے پروگرام من کی بات کے ذریعہ ملک اور بیرونی ممالک کے عوام سے اپنے خیالات کا تبادلہ کریں گے۔

AIMIM MLC

مجلس کے رکن قانون ساز کونسل مرزا رحمت بیگ اور دیگر افراد کے خلاف خواتین اور نابالغوں سے متعلق جنسی جرائم کے سنگین الزامات کے معاملہ میں تلنگانہ بی جے پی نے ہفتہ کو عدالت کی نگرانی میں تحقیقات یا سی بی آئی سے تحقیقات کروانے کا مطالبہ کیا۔ریاستی بی جے پی کے ترجمان اعلی اور میڈیا انچارج این وی سبھاش نے کہا کہ مجلس کی جانب سے مرزا رحمت بیگ کو ''نظم وضبط کی خلاف ورزی'' کی بنیاد پر پارٹی سے نکالنے کا فیصلہ ناکافی ہے اور یہ الزامات کی شفاف تحقیقات کا متبادل نہیں ہوسکتا۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ ریاستی حکومت تمام حقائق عوام کے سامنے رکھے اور اس بات کو

یقینی بنائے کہ تحقیقات میں کسی قسم کی سیاسی مداخلت نہ ہو۔سبھاش نے کہا ''کسی سیاسی جماعت سے اخراج انصاف کے مترادف نہیں ہے۔ جب الزامات ہندو خواتین اور نابالغوں کے خلاف جرائم سے متعلق ہوں تو واحد قابل قبول اقدام مکمل، غیر جانبدار اور مقررہ مدت میں تحقیقات ہے۔سچائی ہر صورت سامنے آنی چاہیے، چاہے ملزم کا سیاسی تعلق یا سماجی حیثیت کچھ بھی ہو۔''انہوں نے کہا کہ مرزا رحمت بیگ کو پارٹی سے نکالے جانے کے وقت پر بھی سوالات اٹھ رہے ہیں خاص طور پر اس لئے کہ اطلاعات کے مطابق بیگ نے حیدرآباد سائبر کرائم پولیس سے رجوع کرتے ہوئے شکایت کی تھی کہ نامعلوم افراد ایک متنازعہ ویڈیو کے سلسلہ میں انہیں بلیک میل اور دھمکیاں دے رہے ہیں۔ بی جے پی نے مطالبہ کیا کہ جہاں قانوناً اجازت ہو، اس ویڈیو کے مواد اور اس کے ماخذ کی بھی مجموعی تحقیقات کے تحت جانچ کی جائے، تا کہ قیاس آرائیوں کو جگہ نہ ملے۔سبھاش نے ریونت ریڈی حکومت کی خاموشی پر سوال اٹھاتے ہوئے پوچھا کہ مجلس کے ارکان یا اس سے وابستہ افراد سے متعلق الزامات کے معاملہ میں حکومت خاموش کیوں ہے اور کیا حساس فوجداری مقدمات سے نمٹنے میں سیاسی مفادات اثر انداز ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا ''ہندو خواتین کی سلامتی ووٹ بینک کی سیاست کی نذر نہیں ہونی چاہیے۔حکومت کو ثابت کرنا ہوگا کہ سیاسی روابط یا برادری سے قطع نظر قانون سب کے لئے یکساں طور پر نافذ ہوتا ہے۔''انہوں نے مرزا بیگ نام رکھنے والے دیگر افراد سے متعلق ماضی کے فوجداری مقدمات کا بھی حوالہ دیا اور واضح کیا کہ یہ مقدمات الگ الگ افراد سے متعلق ہیں، اس لئے محض ایک ہی خاندانی نام ہونے کی بنیاد پر انہیں آپس میں نہیں ملایا جانا چاہیے۔2022 میں حیدرآباد پولیس نے غلام مرتضٰی چھاونی قبرستان میں ایک خاتون کے مبینہ اجتماعی عصمت دری کے معاملہ میں ابراہیم بیگ عرف ادو اور مرزا عمر بیگ عرف زبیر کو گرفتار کیا تھا۔ ان کے خلاف تعزیرات ہند کی متعلقہ دفعات کے تحت مقدمہ درج کیا گیا تھا۔سبھاش نے بی جے پی

کی جانب سے حوالہ دیئے گئے دیگر مقدمات کا بھی ذکر کیا جن میں مرزا احمد بیگ، مرزا رحمت علی بیگ اور مرزا ابراہیم بیگ نامی افراد شامل ہیں۔ان معاملات میں جنسی زیادتی اور پوکسو ایکٹ کے تحت جرائم کے الزامات بھی شامل ہیں۔سبھاش نے کہا ''ہر الزام کی اس کی اپنی بنیاد پر تحقیقات ہونی چاہیے لیکن جہاں سنگین سوالات پیدا ہوئے ہیں، وہاں حکومت عوام کو مکمل شفافیت فراہم کرنے کی پابند ہے۔ہمارا مطالبہ ہے کہ آزادانہ اور عدالت کی نگرانی میں تحقیقات کرائی جائیں تاکہ نہ ملزم اور نہ ہی بااثر سیاسی عناصر تحقیقات کے نتائج پر اثر انداز ہوسکیں۔''

RNU Head

KISHAN REDDY

حیدرآباد کے ہائی ٹیک سٹی میں ایک خانگی دواخانہ کے زیر اہتمام منعقدہ ''کڈنی سمپوزیم 2026'' میں مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے بحیثیت مہمان خصوصی شرکت کی اور خطاب کیا۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ ایک دہائی کے دوران ملک کے طبی شعبہ نے غیر معمولی ترقی حاصل کی ہے۔میڈیکل کالجوں، میڈیکل نشستوں اور ایمس ہاسپٹلس کی تعداد میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔مرکزی وزیر نے کہا کہ بدلتے ہوئے طرز زندگی کے نتیجہ میں پیدا ہونے والی گردے کی بیماریوں سے بچاؤ کے لئے ابتدائی مرحلہ میں اسکریننگ اور احتیاطی تدابیر ضروری ہیں۔انہوں نے بتایا کہ آیوشمان بھارت اور قومی ڈائلیسس پروگرام کے ذریعہ کروڑوں افراد کو مفت طبی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔کشن ریڈی نے کہا کہ حیدرآباد کو جدید طبی سہولیات اور میڈیکل ٹورزم کے مرکز کے طور پر ترقی دی جارہی ہے۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ اعضا عطیہ کرنے کے بارے میں عوام میں شعور مزید بڑھے گا اور یہ ایک عوامی تحریک کی شکل اختیار کرے گا۔

PTC HYD

RAMCHANDER RAO

محبوب نگر میں آج منعقدہ بی جے پی اقلیتی مورچہ کے اجلاس میں بی جے پی کے ریاستی صدر این رام چندرراؤ اور رکن پارلیمنٹ ڈی کے ارونا نے شرکت کی۔اس موقع پر رام چندرراؤ نے کہا کہ کانگریس اقلیتوں کو محض ووٹ بینک کے طور پر دیکھتی ہے جبکہ مودی حکومت کی فلاحی اسکیموں میں جانبداری کا الزام عائد کیا گیا ہے۔انہوں نے مجلس کے ایم ایل سی پر عائد الزامات کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کروانے اور قصوروار پائے جانے والوں کے خلاف سخت کارروائی کا مطالبہ کیا۔رام چندرراؤ نے کہا کہ اس معاملہ پر کانگریس اور بی آر ایس کو اپنی خاموشی ختم کرتے ہوئے اپنا موقف واضح کرنا چاہیئے۔

DESK

NATIONAL SPORTS DAY

حیدرآباد کے گچی باؤلی ہاکی اسٹیڈیم میں آج قومی یومِ کھیل شاندار انداز میں منایا گیا۔اس پروگرام میں شرکت کرنے والے وزیر وی سری ہری نے ہاکی کے عظیم کھلاڑی دھیان چند کے مجسمہ پر پھول مالائیں چڑھا کر انہیں خراج عقیدت پیش کیا۔اس موقع پر وزیر موصوف نے ملک کے لئے دھیان چند کی خدمات کو یاد کیا اور سرکردہ بیڈمنٹن کھلاڑی گائتری گوپی چند اور تریسا جولی کو خصوصی طور پر تہنیت پیش کی۔

DESK

Sugar Shortage

ملک میں شکر کی کوئی قلت نہیں ہے اور مناسب قیمتوں پر شکر کی وافر دستیابی کو یقینی بنانے کے لیے تمام ضروری اقدامات کئے جائیں گے۔مرکزی حکومت نے یہ بات کہی ہے۔مرکزی وزارت صارفین امور کے مطابق حالیہ عرصہ کے دوران شکر کی قیمتوں میں تقریباً 20 فیصد کمی آئی ہے جبکہ بازار میں بھی

شکر کی قیمتیں کم ہونا شروع ہوگئی ہیں۔ وزارت نے بتایا کہ ملک میں شکر کی مناسب دستیابی برقرار رکھنے اور گھریلو بازار میں مصنوعی قلت پیدا ہونے سے روکنے کے لئے بیشتر اقدامات کئے گئے ہیں۔

DESK

DGP CV ANAND

تلنگانہ کے ڈی جی پی سی وی آنند نے کہا ہے کہ جرائم کی بنیادی وجوہات کا گہرائی سے مطالعہ کرنے کے بعد ہی ان پر مؤثر قابو پایا جاسکتا ہے۔ تلنگانہ ڈی جی پی دفتر میں منعقدہ ششماہی جرائم جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ گزشتہ تین برسوں کے دوران ریاست میں اوسط جرائم میں 7.15 فیصد، منشیات سے متعلق مقدمات میں 46.10 فیصد اور سڑک حادثات میں 9.48 فیصد اضافہ ہوا ہے تاہم انہوں نے بتایا کہ اسی عرصہ میں سائبر جرائم میں 13.29 فیصد، مالی جرائم میں 13.28 فیصد اور سنگین جرائم میں 10.33 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ اجلاس میں پولیس کے کئی اعلیٰ عہدیداروں نے شرکت کی۔

DESK

MIM MLC

مجلس کے ایم ایل سی مرزا رحمت بیگ کے خلاف پارٹی قیادت نے اہم فیصلہ لیا ہے۔ پارٹی کے جوائنٹ سکریٹری ایس اے حسین انور نے 'ایکس' کے ذریعہ بتایا کہ مرزا رحمت بیگ کی پارٹی رکنیت فوری طور پر منسوخ کردی گئی ہے۔ انہیں ہدایت دی گئی ہے کہ وہ اپنے ایم ایل سی عہدہ سے استعفیٰ فوری طور پر قانون ساز کونسل کے چیئرمین کو پیش کریں۔ حال ہی میں مرزا رحمت بیگ پر کئی الزامات عائد کئے گئے تھے تاہم مجلس نے باضابطہ طور پر یہ واضح نہیں کیا کہ پارٹی نے ان کے خلاف یہ فیصلہ کن وجوہات کی بنیاد پر کیا ہے۔

DESK

CYBER SHIELD HAKATHON

بینکنگ اور مالیاتی شعبہ میں سائبر دھوکہ دہی کی روک تھام کے مقصد سے آئی آئی ٹی حیدرآباد اور بینک آف انڈیا کے مشترکہ تعاون سے منعقدہ ''سائبر شیلڈ ہیکاتھان 2026'' کا گرینڈ فائنل اختتام پذیر ہوگیا۔ ملک بھر سے موصول ہونے والی 2,936 درخواستوں میں سے 9 ٹیموں کو گرینڈ فائنل کے لئے منتخب کیا گیا تھا۔اے آئی کے ذریعہ دھوکہ دہی پر مبنی ایپس اور میل ویئر کی شناخت کے مقابلہ میں بنگلورو کی ٹریپل آئی ٹی وجے ٹیم نے پہلی اور دوسری پوزیشن حاصل کی۔ بہتر مظاہرہ کرنے والوں کو مجموعی طور پر 20 لاکھ روپے کے نقد انعامات اور توصیفی اسناد ممتاز عہدیداروں نے پیش کیں۔

DESK

GUTTA SUKHENDAR REDDY

تلنگانہ کی کانگریس حکومت اور کابینہ کی کارکردگی میں واضح تبدیلی آنی چاہیے۔تلنگانہ قانون ساز کونسل کے صدرنشین جی سکھیندر ریڈی نے یہ بات کہی۔آج حیدرآباد میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پارٹی میں گروپ بندی سے نقصان ہورہا ہے اور نظم وضبط کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جانی چاہیے۔انہوں نے پنشن اور رعیّتو بھروسہ سے متعلق وعدوں کو فوری طور پر نافذ کرنے کا مطالبہ کیا۔

Desk

WEATHER UPDATE

خلیج بنگال میں ایک اور کم دباؤ کا علاقہ بننے کا امکان ہے۔اس کے اثر سے ریاست بھر میں آج اور کل ہلکی تا اوسط بارش ہونے کا امکان ہے۔ حیدرآباد میں بھی بارش ہونے کی پیش قیاسی کی گئی ہے۔حیدرآباد محکمہ موسمیات کے مطابق متحدہ محبوب نگر، رنگاریڈی کے بشمول شمالی تلنگانہ کے اضلاع میں بعض مقامات پر بارش ہوسکتی ہے۔

Desk

PM - MANN KI BAAT

وزیر اعظم نریندر مودی کل آ کاش وانی کے پروگرام من کی بات کے ذریعہ ملک اور بیرونی ممالک کے عوام سے اپنے خیالات کا تبادلہ کریں گے۔ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا یہ 137 واں ایپی سوڈ رہے گا۔ آ کاش وانی اور دوردرشن کے تمام نٹ ورکس کے علاوہ اے آئی آر نیوز ویب سائٹ اور نیوز آن ایئر موبائل ایپ پر یہ پروگرام نشر ہوگا۔اس کے علاوہ ایر نیوز ، ڈی ڈی نیوز ، پی ایم او محکمہ اطلاعات ونشریات کے یوٹیوب چینلز پر بھی کی بات پروگرام نشر ہوگا۔ ہندی نشریات کے بعد تلگو زبان میں یہ پروگرام نشر ہوگا۔

NSD

CM - REVANTH REDDY

وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے ریاست میں جاری ایس آئی آر پر اعتراضات اور دعوے داخل کرنے کی تاریخ میں مزید چار ہفتوں کی توسیع کا مطالبہ کیا ہے۔اس سلسلہ میں انہوں نے مرکزی الیکشن کمشنر گیانیش کمار کو ایک مکتوب روانہ کیا۔ وزیر اعلیٰ نے بتایا کہ ریاست میں تقریباً 73 لاکھ اندراجات اے ایس ڈی ڈی زمرہ میں درج کئے گئے ہیں جن میں سے تقریباً45 لاکھ افراد کو مستقل طور پر منتقل ہونے والے افراد کے طور پر ظاہر کیا گیا ہے۔ ریونت ریڈی نے کہا کہ کوئی بھی اہل شہری اپنے حقِ رائے دہی سے محروم نہیں ہونا چاہئے۔ اسی مقصد کے تحت انہوں نے دعوے اور اعتراضات داخل کرنے کی مدت میں مزید چار ہفتوں کی توسیع کی درخواست کی۔انہوں نے الیکشن کمیشن سے اپیل کی کہ گرام سبھاؤں میں فہرست رائے دہندگان کا مسودہ پڑھ کر سنائی جائیں اور شہری علاقوں میں عوام کی سہولت کے لئے ہیلپ ڈیسک قائم کئے جائیں۔ وزیر اعلیٰ نے اپنے مکتوب میں کہا کہ اس پورے عمل میں الیکشن کمیشن کو مکمل تعاون اور ضروری مدد فراہم کرنے کے لئے ریاستی حکومت تیار ہے۔

PTC - HYD

PM-NATIONAL SPORTS DAY

وزیراعظم نریندر مودی نے آج قومی یومِ کھیل کے موقع پر ہندوستانی ہاکی کے عظیم کھلاڑی میجر دھیان چند کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔سوشل میڈیا پر اپنے پیغام میں وزیراعظم مودی نے کہا کہ ہندوستانی ہاکی میں میجر دھیان چند کی صلاحیت اور کارکردگی آج بھی نسل درنسل لوگوں کے لئے تحریک کا باعث بنی ہوئی ہے۔وزیراعظم نے تمام کھیل شائقین کو قومی یومِ کھیل کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ ان کی لگن، جذبہ اور مستقل مزاجی ملک کے لئے باعث فخر ہے۔

NSD

Ponguleti Srinivasa Reddy

ریاستی وزیر مال پی سرینواس ریڈی نے کہا ہے کہ ریاست میں موجود تمام غیر متنازعہ اراضیات کا ایک سال کے اندر سروے مکمل کر کے کسانوں کو پٹے جاری کئے جائیں گے۔انہوں نے وزیر عمارت و شوارع کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی کے ساتھ سوریا پیٹ ضلع کے نوتنکل اور مدیرا منڈلوں کے 15 دیہاتوں سے تعلق رکھنے والے 1,061 کسانوں میں 1,044 ایکڑ اراضی کی پٹہ دار پاس بکس تقسیم کیں۔اس موقع پر سرینواس ریڈی نے کہا کہ بھو بھارتی قانون کے ذریعہ اراضیات سے متعلق مسائل حل کئے جا رہے ہیں۔انہوں نے بتایا کہ پہلے مرحلہ میں ریاست کے ہر ضلع کے 70 دیہاتوں میں اراضیات کا سروے کیا جا رہا ہے۔وزیر کومٹ ریڈی نے کہا کہ کسانوں کے پاس اراضیات کے پٹے موجود ہوں گے تو ہی انہیں رعیّتو بھروسہ، فصل بیمہ اور دیگر فلاحی اسکیموں کے فوائد حاصل ہوں گے۔

PTC- Nalgonda

OO